7182- غیر مسلموں کے لیے علمی مراجع (ویڈیو اور آڈیو کیسٹیں، کتابیں)

سوال

مجھے آپ کی طرف یہ خط لکھتے ہوئے بڑی خوشی محسوس ہو رہی ہے جس کے ذریعہ میں آپ سے رائے اور تعاون چاہتا ہوں۔

ہم جس شہر میں رہائش پذیر ہیں وہاں ہم نے "اسلامی معلومات کا مرکز" کے نام سے ایک مشروع اور پروگرام کا آغاز کیا ہے، اب ہم اس کے لیے افضل و مناسب مواد کی معلومات کے حصول کی کوششیں کر رہے ہیں۔

اس میں پہلا قدم اٹھاتے ہوئے ان معلومات کا حصول شروع ہو چکا ہے، اور ان شاء اللہ اس کے بعد ہم مواد کے مزید نسخے حاصل کر کے اپنے شہر کی عام لائبریریوں اور دوسری جگہوں میں تقسیم کریں گے۔

ہمارے خیال میں یہ مواد مندرجہ ذیل اشیاء پر مشتمل ہونا چاہیے:

ایک یا دو کتابیں، اور ایک یا دو آڈیو کیسٹیں، ایک یا دو ویڈیو کیسٹیں، تو اب میرا سوال یہ ہے کہ:

آپ کی رائے میں غیر مسلموں کے لیے کون سی کتاب مناسب اور افضل رہے گی (کون سی دو کتابیں افضل ہوں گی)؟

غیر مسلموں کے لیے کون سی آڈیو کیسٹ افضل ہوں گی؟

کون سی ویڈیو کیسٹ غیر مسلموں کے لیے مناسب اور افضل ثابت ہوگی؟

میرے خیال میں یہ مواد ایسا ہونا چاہیے کہ:

ا– مواد شوق پیدا کرنے والا ہو

ب– مواد مختصر ہو

ج– مواد بسیط اور اپنے موضوع میں بے جان نہ ہو

مندرجہ بالا سوالات کے جواب دینے پر میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

پسندیدہ جواب

اول:

ہم غیر مسلموں کے لیے جن کتابوں کی نصیحت کرتے ان مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں:

1– "کیف تدخل فی الإسلام" "آپ اسلام میں کیسے داخل ہوں" تالیف محمد بن سلمان الاشقر۔

2– "لا تحزن" "غم نہ کریں، تالیف شیخ عائض القرنی

دوم:

اور کیسٹوں کے بارہ میں ہم یہ کہیں گہ:

1–"دعوۃ للتامل "غور وفکر اور سوچ بچار کی دعوت ، شیخ عائض القرنی ۔

سوم :

اور ویڈیوں کیسٹوں کے بارہ میں ہماری نصیحت ہے کہ :

1–"انہ الحق "یقینی حق ، شیخ عبدالمجید الزندانی

2–"مناضرات احمد دیدات "احمد دیدات کی مناظرے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی آپ کو اپنی رضامندی اور محبت کے حصول والے کام کرنے کی توفیق دے ۔

واللہ اعلم .